SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
June 2, 2017
For Immediate Release

کمپنیوں کی رجسٹریشن میں ریکارڈ اضافہ: ایس ای سی پی نے ایک ماہ میں نو سو چھبیس نئی کمپنیاں رجسٹر کیں

ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد اسی ہزار سے زائد ہو گئی

اسلام آباد(۲جون) ملک میں کارپوٹائزیشن کے رجحان میں اضافے کے سبب نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ مئی میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں نو سو چھبیس(926) نئی کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی جو کہ گزشتہ برس کے اسی مہینے کے مقابلے میں چوالیس فی صد زیادہ ہے۔ ملک میں کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد اسی ہزار ہو گئی ہے۔

رواں مالی سال کے گیارہ مہینوں میں ایس ای سی پی میں سات ہزار چھ سو اٹھاسی(7,688) کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو کہ گزشتہ مالی سال کی اس مدت کے مقابلے میں پینتیس فیصد اضافہ ہے۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن میں نمایاں اضافے کی بڑی وجہ ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنی رجسٹریشن کے محکمے میں لائی گئی اصلاحات اور رجسٹریشن کے عمل کی تسہیل ہے۔ایس ای سی پی نے نہ صرف کمپنی کی رجسٹریشن کی فیسوں میں نمایاں کمی کی بلکہ تھرڈ پارٹی سے ڈیجیٹل دستخطوں کی شراط کو ختم کرتے ہوئے نیا اور جدید سسٹم اپنایا جس نے رجسٹریشن کے عمل کو بھی تیز تر کر دیا۔

مئی کے مہینے میں رجسٹریشن حاصل کرنے والی کمپنیوں میں چھیاسی فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، گیارہ فی صد سنگل ممبر اور تین فی صد پبلک ان لسٹڈ کمپنیاں، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، ٹریڈ آرگنائزیشنز اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔سب سے زیادہ کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد ایک سو چھتیس(136) ہے جبکہ تجارتی شعبے میں ایک سو انیتس(129)، تعمیرات میں ایک سو چودہ (114)، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں نواسی(89)، سیر و سیاحت میں ستاون (57)،انجنیئرنگ کے شعبے میں تیس(30)، خوراک و مشروبات ، صحت ، رئیل اسٹیٹ کے شعبوں میں ستائیس(27)، مواصلات میں چوبیس(24)، تعلیم اور ایندھن و توانائی میں بالترتیب سترہ، سترہ کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ میں سولہ، دواسازی، پاور جنریشن، اور ٹیکسٹائل میں سے ہر ایک شعبے میں پندرہ،

کیبل اور برقی اشیاء میں چودہ، آٹو الائیڈ میں تیرہ اور اس کے علاوہ ایک سو چھ کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔ اس ماہ تیرہ بین الاقوامی کمپنیوں نے اسلام آباد، کراچی اور فیصل آباد میں رجسٹریشن حاصل کی۔

اس ماہ پچھتر (75) نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، آسٹریا، بنگلا دیش، چین، کینیڈا، سائپرس، ڈنمارک، جرمنی، جنوبی کوریا، کویت، نیدر لینڈ، ناروے، اومان، سنگاپور، ترکی، متحدہ عرب امارات، اور امریکہ سے ہے۔ سب سے زیادہ رجسٹریشن اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں تین سو اٹھائیس (328) کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ لاہور میں دو سو اڑسٹھ (268) کراچی میں ایک سو پینسٹھ (165)، پشاور میں چھیالیس، ملتان میں ترتالیس، فیصل آباد میں تینتیس، کوئٹہ میں پندرہ، سکھر میں پانچ اور گلگت بلتستان میں تیرہ کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔